رسید تحائفِ احباب

مجلّہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے ہمیں حسب ذیل تحائف بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے آمین ۔ (مجلس ادارت)

لاہور سے جناب حضرت علامہ اقبال احمد فاروقی صاحب دامت برکاتہم نے متین کاشمیری صاحب کی کتاب انتسابات' جناب مفتی مطیع الرحمٰن رضوی صاحب کی کتاب اہلِ قبلہ کی تکفیر' اور علامہ محمد شہزاد مجددی صاحب کی کتاب حضور ﷺ کا ذوق عبادت اور محفل نعت میں حاضری کے آداب ارسال کی ہیں ۔ فجزاھم اللہ احسن الجزاء۔

جبکہ حضرت علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری صاحب دامت برکاتہم نے مقدمات رضویہ' عنایت فرمائی ہے۔ دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف سے شائع ہونے والا عربی مجلّہ ضیاء الثقافۃ بھی ہمارے اس ماہ کے تحائف میں شامل ہے۔ عربی زبان میں ہمارے ہاں مجلات کی خاصی کمی ہے اس مجلّہ سے امید ہے اہل علم کی یہ ضرورت پوری ہوگی کہ انہیں عربی میں لکھنے کے مواقع میسر آئیں گے اور طلبہ کو عربی میں مضامین پڑھنے کو ملیں گے۔ مجلّہ ملنے کے پتے حسب ذیل ہیں:

۱) دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف ضلع سرگودھا ۲) ۵۷ گوشہ احباب' عقب شارع ملتان چونگی لاہور۔ فون نمبر 042-7846592

راولپنڈی سے حضرت علامہ استاذ العلماء پیر سید ذاکر حسین شاہ صاحب دامت برکاتہم رکن اسلامی نظریاتی کونسل نے فقہ حنفی کی معروف کتاب ہدایہ کا ترجمہ مع اضافات فاضلہ شائع کیا ہے ۔ہمیں اس کی تیسری جلد موصول ہوئی ہے جو زندگی قرآن وسنت کی روشنی میں کے نام سے حال ہی میں شائع ہوئی ہے۔ اس میں عبادات یعنی کتاب الطہارۃ سے کتاب الحج تک کا ترجمہ آ گیا ہے۔

کتاب کے حصول کے لئے صاحبزادہ سید امجد فاروق شاہ صاحب اور صاحبزادہ سید حماد واجد شاہ صاحب سے درج ذیل پتہ پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

جامعہ الزہراء اہل سنت ۔عثمان غنی کالونی مصریال روڈ ۔ راولپنڈی ۔فون 5682206۔

☆ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا سن ولادت ۱۶۴ ہجری اور سن وصال ۲۴۱ ہجری ہے ☆